سوال

جمعہ کے دن سورہ کہف کی تلاوت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کی رات اور دن میں سورہ کہف کی تلاوت کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمعہ کے دن سورہ کہف کی تلاوت ایک مستحب عمل ہے اور اس کی بہت فضیلت ہے اور اس کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں کہ انسان قرآن مجید سے دیکھ کر تلاوت کرے یا زبانی اوریاد رہے کہ شرعی دن کا آغاز طلوع فجر سے ہوتا ہے اور اختتام غروب آفتاب پر لہذا اگر کوئی شخص نماز جمعہ کے بعد اس سورت کی تلاوت کرے تو اسے بھی اجر وثواب ملے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص548

محدث فتویٰ